اعلامیہ

بحکم غریب نواز حضور امیر شریعت نائب شیخ الاسلام خواجہ محمد حمید الدین سیالوی دامت برکاتہم العالیہ

مقام تقریب آستانہ مقدسہ سیال شریف

بوقت : 12.30 بجے دن بتاریخ : 19 ذی القعدہ 1440ھ بمطابق 23 جولائی 2019ء بروز منگل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ، وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الرُّسُلِ وَخَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَوْلِیَآءِ اُمَّتِہٖ وَعُلَمَآءِ مِلَّتِہٖ اَجْمَعِیْنَ وَعَلٰی مَنْ تَبِعَھُمْ بِاِحْسَانٍ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ اَمَّا بَعْدُ!

الحمد للہ ہم اہلسنت وجماعت اللہ تعالیٰ کو وحدہٗ لاشریک مانتے ہیں اور اس کی ذات وصفات میں کسی کو اس کا ہمسر نہیں ٹھہراتے۔ اللہ کریم کو تمام عیوب ونقائص سے منزہ ومبرا اور تمام نعمتوں کا مالک سمجھتے ہیں۔ تمام کتب سماوی پر ایمان رکھتے ہیں۔ حیات بعد از موت حشر ونشر، جنت ودوزخ کو حق سمجھتے ہیں۔ نبی کریم ﷺ کو اللہ کا آخری نبی ماننے کے ساتھ ساتھ تمام سابقہ انبیاء ورسل سے افضل واعلیٰ سمجھتے ہیں اور سابقہ تمام انبیاء ورسل پر ایمان رکھتے ہوئے ان کی تعظیم وتوقیر بجا لاتے ہیں۔ نبی کریم ﷺ کے تمام صحابہ کرام اور اہل بیت اطہار رضوان اللہ علیہم اجمعین سے بے پناہ محبت کو جزو ایمان سمجھتے ہوئے انبیاء کرام کے بعد سب سے افضل سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو مانتے ہیں اور انہیں خلیفہ اول بلا فصل خلیفۃ الرسول برحق مانتے ہیں۔ پھر حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو خلیفہ ثانی برحق، حضرت سیدنا عثمان ذوالنورین کو خلیفہ ثالث برحق اور مولائے مرتضیٰ سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کو خلیفہ رابع برحق مانتے ہیں۔ اور اسی ترتیب سے ان میں افضلیت تسلیم کرتے ہیں اور تمام صحابہ کرام میں سے کسی ایک کی عزت وعظمت کے خلاف اشارے، کنائے یا صراحت کے ساتھ طعن وتشنیع کرنے والے کو خارج اہلسنت سمجھتے ہیں اور اسی طرح اہلبیت اطہار سے بغض رکھنے والے ہر شخص کو خارج اہلسنت سمجھتے ہیں۔ مشاجرات صحابہ میں کف لسان (خاموشی) اور ان کے فضائل ومناقب کے بیان کو شعار ایمان (نشانی) سمجھتے ہیں۔ یہ تمام عقائد حضرت سیدنا علی المرتضیٰ (۱)، آئمہ اہل بیت اطہار، اجلہ تابعین (۲)، آئمہ اربعہ امام اعظم ابو حنیفہ (۳)، امام مالک (۴)، امام احمد بن حنبل (۵)، امام شافعی (۶) سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی (۷)، حضرت داتا گنج بخش (۸)، حضرت امام غزالی (۹)، شیخ محی الدین ابن العربی (۱۰)، امام عبدالوہاب شعرانی (۱۱)، شیخ فرید الدین عطار (۱۲)، حضرت مجدد الف ثانی (۱۳)، حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی (۱۴)، حضرت الشاہ احمد رضا محدث بریلی (۱۵)، حضرت شاہ ولی اللہ (۱۶)، حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی (۱۷)، حضور خواجہ خواجگان بہار چشت خواجہ شاہ سلیمان تونسوی (۱۸)، قدوۃ السالکین حضرت خواجہ شمس الدین سیالوی (۱۹) اور حضرت شیخ الاسلام والمسلمین خواجہ محمد قمر الدین سیالوی (۲۰) رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین جیسے اجلہ علماء ومشائخ سے ثابت ہیں ان عقائد کا مفصلاً تذکرہ اہلسنت کے عقائد کی کتب معتبرہ مثلاً فقہ اکبر، عقیدہ طحاویہ، کتاب الابانہ، شرح العقائد النسفیہ وغیرہ میں موجود ہیں اور انہیں عقائد پر ماتریدیہ اور اشاعرہ کا اتفاق ہے۔ پوری اُمت کی طرح یہی عقیدہ مشائخ چشت علیہم الرضوان کا بھی ہے اور اسی عقیدے کو وقت کی اہم ضرورت سمجھتے ہوئے اعلامیہ کے طور پر آستانہ مقدسہ سیال شریف کی طرف سے شائع کیا جا رہا ہے تاکہ مریدین ومتوسلین اور خلفاء کے لیے سند رہے۔

(۱) تکمیل الایمان، (۲) الطرف، (۳) فقہ اکبر، (۴) موطا امام محمد، (۵) الشافعی ال...؟ [illegible]، (۶) مرام الکلام، (۷) غنیۃ الطالبین، (۸) کشف المحجوب، (۹) احیاء العلوم، (۱۰) فتوحات مکیہ، (۱۱) الیواقیت والجواہر، (۱۲) منطق الطیر، (۱۳) مکتوبات شریف، (۱۴) تکمیل الایمان، (۱۵) فتاوی رضویہ جلد ۹، (۱۶) فتاوی عزیزیہ، (۱۷) فتاوی عزیزیہ، (۱۸) قرۃ العین، (۱۹) مرآۃ العاشقین، (۲۰) انوار قمریہ۔

خانقاہِ مقدسہ کے مرکزی مقامات پر اعلامیہ کی تنصیب

وارث نسبت پیر سیال ضیاءِ چشت حضرت خواجہ محمد ضیاء الحق سیالوی مدظلہ العالی کے حکم سے ہوئی!

اعلامیہ

مقام آقریب بنگلہ آستانہ عالیہ مقدسہ سیال شریف
بوقت 12:30 بجے دن بتاریخ 19 ذوالقعدہ 23 جولائی 2019ء
بروز منگل ۱۴۴۰ھ

اعلامیہ پڑھنے کی سعادت :- پیر محمد معظم الحق معظمی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین والصلوۃ والسلام علی سید الرسل وخاتم النبیین وعلی آلہ واصحابہ واولیاء امتہ وعلماء ملتہ اجمعین وعلی من تبعھم باحسان الی یوم الدین اما بعد!

الحمد للہ ہم اہلسنت وجماعت اللہ تعالیٰ کو وحدہ لاشریک مانتے ہیں اور اس کی ذات وصفات میں کسی کو اس کا ہمسر نہیں ٹھہراتے۔ اللہ کریم کو تمام عیوب ونقائص سے منزہ ومبرا اور تمام مملکتوں کا مالک سمجھتے ہیں۔ تمام کتب سماوی پر ایمان رکھتے ہیں۔ حیات بعد الموت، حشر ونشر اور جنت ودوزخ کو حق سمجھتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ کا آخری نبی ماننے کے ساتھ ساتھ تمام سابقہ انبیاء ورسل سے افضل واعلیٰ سمجھتے ہیں اور سابقہ تمام انبیاء ورسل پر ایمان رکھتے ہوئے ان کی تعظیم وتوقیر بجالاتے ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام صحابہ کرام اور اہل بیت اطہار رضوان اللہ علیہم اجمعین سے بے پناہ محبت کو جزو ایمان سمجھتے ہوئے انبیاء کرام کے بعد سب سے افضل سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو مانتے ہیں اور انہیں خلیفہ اول بلا فصل خلیفۃ الرسول برحق مانتے ہیں۔ پھر حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو خلیفہ ثانی برحق، حضرت سیدنا عثمان ذوالنورین کو خلیفہ ثالث برحق اور مولائے مرتضیٰ سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کو خلیفہ رابع برحق مانتے ہیں۔ اور اسی ترتیب سے ان میں افضلیت تسلیم کرتے ہیں اور تمام صحابہ کرام میں سے کسی ایک کی عزت وعظمت کے خلاف اشارے، کنائے یا صراحت کے ساتھ طعن وتشنیع کرنے والے کو خارج اہلسنت سمجھتے ہیں اور اسی طرح اہلبیت اطہار سے بغض رکھنے والے پر بغض کو خارج اہلسنت سمجھتے ہیں۔ مشاجرات صحابہ میں کف لسان (خاموشی) اور ان کے فضائل ومناقب کے بیان کو شعار ایمان (ایمانی) سمجھتے ہیں۔ یہ تمام عقائد حضرت سیدنا علی المرتضیٰ ۱، آئمہ اہل بیت اطہار واجلہ تابعین ۲، آئمہ اربعہ امام اعظم ابو حنیفہ ۳، امام مالک ۴، امام احمد بن حنبل ۵، امام شافعی ۶، سیدنا شیخ عبد القادر جیلانی ۷، حضرت داتا گنج بخش ۸، حضرت امام غزالی ۹، شیخ محی الدین ابن عربی ۱۰، امام عبد الوہاب شعرانی ۱۱، شیخ فرید الدین عطار ۱۲، حضرت مجدد الف ثانی ۱۳، حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلوی ۱۴، حضرت الشاہ احمد رضا محدث بریلی ۱۵، حضرت شاہ ولی اللہ ۱۶، حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلوی ۱۷، حضور خواجہ خواجگان بہار چشت خواجہ شاہ سلیمان تونسوی ۱۸، قدوۃ السالکین حضرت خواجہ شمس الدین سیالوی ۱۹ اور حضرت شیخ الاسلام والمسلمین خواجہ محمد قمر الدین سیالوی ۲۰ رضی اللہ عنہم اجمعین جیسے اجلہ علماء ومشائخ سے ثابت ہیں ان عقائد کا مفصلاً تذکرہ اہلسنت کے عقائد کی کتب معتبرہ مثلاً فقہ اکبر، عقیدہ طحاویہ، کتاب الابانہ، شرح العقائد النسفیہ وغیرہ میں موجود ہے اور ان ہی عقائد پر ماتریدیہ اور اشاعرہ کا اتفاق ہے۔ پوری امت کی طرح یہی عقیدہ مشائخ چشت علیہم الرضوان کا بھی ہے اور اسی عقیدے کو وقت کی اہم ضرورت سمجھتے ہوئے اعلامیہ کے طور پر آستانہ مقدسہ سیال شریف کی طرف سے شائع کیا جا رہا ہے تاکہ مریدین ومتوسلین اور خلفاء کے لئے سند رہے۔

دستخط حضور غریب نواز
محمد حمید الدین سیالوی

۱۔ تکمیل الایمان ۲۔ التعرف ۳۔ فقہ اکبر ۴۔ موطا امام محمد ۵۔ السنۃ للخلال ۶۔ مرام الکلام ۷۔ غنیۃ الطالبین ۸۔ کشف المحجوب ۹۔ احیاء العلوم ۱۰۔ فتوحات مکیہ ۱۱۔ الیواقیت والجواہر ۱۲۔ منطق الطیر ۱۳۔ مکتوبات شریف ۱۴۔ تکمیل الایمان ۱۵۔ فتاویٰ رضویہ جلد ۹ ۱۶۔ ۱۷۔ فتاویٰ عزیزیہ ۱۸۔ غنیۃ الطالبین ۱۹۔ مرآۃ العاشقین ۲۰۔ انوار قمریہ

پیر محمد معظم الحق معظمی
سجادہ نشین خانقاہ معظمیہ

سید محمد ظالم محمد شاہ سیالوی

سید شہزاد حسین شاہ
سجادہ نشین گولڑہ شریف

سید ممتاز احمد شاہ

سلطان مشائخ
خواجہ خواجگان
حضور شمس العارفین
پیر سیال لجپال
حضرت
خواجہ محمد شمس الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ

کی سوانح حیات مبارکہ کی کتب ہمارے
پاس PDF فائل میں دستیاب ہیں

جن احباب کو چاہیے وہ مفت ہمارے واٹس ایپ پر حاصل کر سکتے ہیں

اس کے علاوہ دیگر سیالوی خواجگان
کی سیرت پر کتب اور اسلامی کتب
حاصل کرنے کے لیے رابطہ فرمائیں

03228707275

طالب دعا

صاحبزادہ محمد شعاع الدین سیالوی

طالب دعا

پیرزادہ محمد فرید الدین سیالوی

TALIMAT E SIALVIA CHISHTIYA تعلیماتِ سیالویہ چشتیہ 03228707275 CONTACT US FOR MORE INFO